شِنا قاعدہ

اور

گرائمر

محمد امین ضیاؔ

شِنُا قاعدہ

اور

گرائمر

محمد امین ضیاؔ

پشتو قاعدہ

اور

گرائمر

محمد امین ضیا

طبع اوّل — نومبر ۱۹۸۶ء

تعداد — ۵۰۰

تصنیف وکتابت — محمد امین ضیاؔ

سرورق — محب الدین

ناشرین — ضیا پبلیکیشنز پولو گراؤنڈ گلگت۔

مطبع — جاوید پرنٹرز لمیٹڈ گلگت

قیمت — ۳۰/- روپے

ملنے کا پتہ: جی ایم بیگ، محمد بک سٹال سر آغا خان روڈ گلگت

انتساب

قراقرم رائٹرز فورم کے نام اِس تمنّا کے ساتھ کہ وہ فعّال ہو

اور

شِنا سیکھنے، لکھنے، پڑھنے اور بولنے والے ان حضرات کے نام جو اس زبان سے دلچسپی اور ہمدردی رکھتے ہیں۔

محمد امین ضیاؔ

"زبان خیال کا پیرہن ہوتی ہے"

جب کوئی زبان معدوم ہوتی ہے

تو مجھے دائمی افسردگی ہوتی ہے

کیونکہ زبانیں قوموں کا شجرہ نسب

ہوتی ہیں"

سیموئل جونسن

فہرست

دیباچہ

۱۹۵۵ء میں جرمن مہم جو کوہ پیماؤں کی جماعت کے ہمراہ میں پہلی بار اس علاقہ میں آیا تھا۔ اُس وقت یہاں نہ ہوٹل تھے نہ اتنے مکانات اور نہ ہی غیر ملکی سیاحوں کے لئے ایسی سہولتیں مُیسّر تھیں جو آجکل ہیں۔ اُس بار اس علاقہ کے لوگوں کی سادگی کو دیکھ کر اور انوکھی شِنا زبان کو سن کر میں نے اس زبان کو سیکھنے کا قصد کیا۔ میں اس دفعہ داریل تانگیر بھی گیا اور چند شِنا کہانیاں اکٹھی کرنے کے بعد میں واپس اپنے ملک چلا گیا۔ جرمنی میں بعض انگریزوں کی لکھی ہوئی شِنا زبان کی کتابیں میں نے پڑھ ڈالیں۔ اُن کتابوں کی غلطیوں اور زبان کو سمجھنے کی مشکلات کے پیشِ نظر مجھے شِنا کو سیکھ لینا بے حد مشکل نظر آیا۔ اِس لئے میں ایک بار پھر گلگت آیا تاکہ میں خود اس زبان کو سیکھ لوں۔ اب تک میں چار مرتبہ گلگت آیا ہوں اور ہر بار دو ماہ سے زیادہ یہاں نہیں ٹھہرا۔ میں جرمنی

"انڈالوجی" کے شعبہ کا ڈائرکٹر ہوں۔ میری یونیورسٹی میں ہندی، اردو اور فارسی پڑھائی جاتی ہے۔ زبانوں کی ساخت کے بنیادی اصولوں سے آگاہ ہونے کی وجہ سے مجھے کسی نئی زبان کا سیکھنا مشکل نہیں لگتا۔ لیکن سچ کہوں تو یہ شِنا زبان ایک ایسی پیچیدہ زبان ہے جس پر جتنی تحقیق کریں اُتنی ہی نئی مشکلات سامنے آتی ہیں۔ مگر شکر ہے کہ مجھے محمد امین ضیا جیسا تعلیم یافتہ دوست مُیسّر آیا جس نے ہر آڑے مرحلہ میں میری مدد کر کے شِنا دانی میں میری حوصلہ افزائی کی۔ گذشتہ چند برس کے دوران ضیا نے میری کافی رہنمائی کی ہے۔

میں نے محمد امین ضیا کی شِنا شاعری کی دلچسپ کتاب "سان" پڑھی ہے۔ اُن کے غیر مطبوعہ کلام اور دیگر چند شِنا شاعروں کے کلام کو میں جرمن زبان کے ترجمہ کے ساتھ جرمنی سے شائع کرنے والا ہوں اور شِنا پر ایک مکمل اور صحیح کتاب جرمن زبان میں ترتیب دے رہا ہوں۔ خدا مدد فرمائے۔

میرا ارادہ صرف شِناؔ زبان کو سیکھنا ہی نہیں بلکہ دوسرے انگریز محققوں کی لکھی ہوئی شِناؔ گرامروں کے مقابلے میں ایک مکمل اور صحیح گرامر کی کتاب اپنی زبان میں لکھنا ہے۔ اس پر میں کام کر رہا ہوں۔ کچھ عرصہ بعد میں اسے شائع کروں گا۔ اسے معیاری بنانے کے لئے لازمی تھا کہ میں شِناؔ زبان پر گہری تحقیق کر کے اس کے بنیادی اصولوں سے آگاہ ہو جاؤں۔

میں نے تمام مطبوعہ شِناؔ کتابیں پڑھ لی ہیں۔ جن میں لکھی ہوئی اور بول چال کی زبان میں بے حد فرق ہے۔ میں یہ بات وثوق سے کہتا ہوں کہ لکھائی کا وہ طریقہ زبان کی باریکیوں کو نہیں سمیٹ سکتا۔ اب کی بار محمد امین ضیاؔ کے ترتیب دیئے ہوئے نئے قاعدے کو پڑھ کر مجھے بے انتہا مسرّت ہوئی ہے کیونکہ اس زبان کو درست طور سے لکھنے کے لئے اُن کی یہ کامیاب کوشش ہے۔ مختلف زبانوں سے

متعلق ہونے اور ایک ماہر لِسانیات ہونے کے ناطے میں شِناؔ زبان کو لکھنے، پڑھنے اور بولنے والے تمام بھائیوں کو یہ مشورہ دیتا ہوں کہ وہ اِسی رسم الخط، اضافی شِناؔ حروف اور صوتی اشاروں کو اپنائیں جو اِس کتاب میں محمد امین ضیاؔ نے ترتیب دیئے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر گیارگ بُدرُس
جوہنس گٹن برگ یونیورسٹی، مائنز
مغربی جرمنی۔

(نوٹ: دیباچہ کا اصل متن شِناؔ میں ہے جسے آپ اس کتاب کے صفحہ ۱۹۹ پر پڑھ سکتے ہیں)

سنسکرت یا اُس کی زبانی

کس قدر بیدار و خود شناس تھے وہ لوگ جنہوں نے دو ڈھائی ہزار برس ق.م میں اپنی زبانوں کو حروف کا لباس پہنایا، گریمر کے اصول و قواعد مرتب کئے اور لکھنے کی باقاعدہ بنا ڈالی۔ زمانہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ ان زبانوں نے بھی ترقی کی منزلیں طے کیں اور ان میں سے بعض زبانیں فطری عروج کی انتہا کو پہنچیں اور پھر رفتہ رفتہ صفحۂ ہستی سے مٹ گئیں۔ لیکن اتنا تو ہوا کہ وہ لوگ اپنی زبانوں کو جریدۂ عالم پر ثبت کر گئے۔ بعد کی دنیا کو اُن کے آثار اور نقوش، طرزِ معاشرت اور عقائد کے بارے میں ان کے چھوڑے ہوئے کتبوں، منقش تختیوں اور سلوں پر کی ہوئی کھدائیوں کے ذریعہ علم ہوا۔ آج وہ قومیں جن کا کوئی فرد دنیا میں موجود نہیں، وہ زبانیں جنہیں بولنے والا کوئی شخص بقید حیات نہیں، اُن کی وسیع و عریض حکومتیں اور سلطنتیں فنا ہوئیں، اُن کی پر رونق اور عالیشان عمارتیں ڈھے گئیں لیکن یہ کیا کم ہے کہ انہوں نے فنا ہوتے ہوتے اپنی زبان اور اپنے فکر و فن کو نوشتوں کی وساطت سے ایک بے حد ترقی یافتہ مستقبل تک پہنچایا۔ انہوں نے اپنے عقائد اور تمدن سے آنے والی نسلوں کو مطلع کیا اور ثابت کر دیا کہ ماضی کبھی نہیں مرتا۔ اگر وہ بھی بس کھانے پینے، سونے جاگنے اور چلنے پھرنے ہی کو زندگی کا اولیٰ مقصد گردانتے اور علوم و فنون کی طرف متوجہ نہ ہوتے تو اُن کا دور بھی کئی دیگر ہم عصر تہذیبوں اور قوموں کی طرح بے نام و نشاں رہا ہوتا۔ قومیں مٹتی ہیں، زبانیں فنا ہو جاتی ہیں مگر آنے والی نسلوں کے فکر و فن، سوچ اور معاشرت پر اثر انداز ہو ہی جاتی ہیں۔ ان کے زبان و ادب کی باقیات نئی زبانوں میں مدغم ہو کر ایک نیا رُوپ دھار لیتی ہیں۔

محققین و ماہرینِ لسانیات نے مجھے لگ بھگ پانچ ہزار برس قبلِ مسیحؑ کی ایک

زبان قرار دیتے ہوئے اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے کہ ممکن ہے کہ اس سے بھی پرے یہ زبان رائج ہو لیکن مصدقہ پارینہ اساطیر کی نایابی کی وجہ سے اس کی اصل تک رسائی نہیں پائی جا سکتی۔ اس لئے وہ یہ کہہ کر اپنی تحقیق کی بساط سمیٹ لیتے ہیں کہ یہ قبل از تاریخ کی کوئی زبان ہے۔

یہ کتنی حیرت کی بات ہے کہ قبل از تاریخ کے دور سے متعلق ہوتے ہوئے بھی آج میں زندہ ہوں۔ میری یہ قدامت سنسکرت بولنے والوں کے لئے ایک لمحہ فکریہ بھی ہے اور باعثِ افتخار بھی۔ میں آج ببانگِ دُہل یہ اعلان کرتی ہوں کہ اے جدید دنیا کے باسیو! میں بھی ایک زبان ہوں جو ان گنت صدیوں سے دنیا کے کئی بدلتے روپ دیکھتی چلی آ رہی ہوں، تم نے اپنے ملبوسات میں قیامت خیز جدتیں برتی ہیں مگر میں اب تک برہنہ تن ہوں کہ تاحال میری قامت کی مناسبت سے مجھے حروف کا لباس پہنایا نہیں گیا۔ اب سے پہلے اگر کسی نے میرے جسم کو ڈھانپنا چاہا بھی تو وہ غیر لوگ تھے۔ وہ یورپ کے باسی تھے۔ انہوں نے مجھے اپنا لباس پہنانا چاہا مگر میں کہ اُن کے لئے نامحرم ٹھہری۔ وہ کیونکر میرے بدن کے نشیب و فراز کو ماپ کر میری قامت کے عین مطابق لباس تیار کر سکتے تھے۔ اس لئے ان کی تمیری کوششیں میری پردہ داری کی وجہ سے ناکام ہوئیں۔ ان محققین میں گریرسن، لیٹنر، بڈلف، لوری مر اور گراہم بیلی شامل تھے۔ بہرحال نہ صرف مجھ پر بلکہ میری قوم پر ان مستشرقین کا یہ ایک عظیم احسان ہے کہ انہوں نے مجھے حروف کا جامہ پہنانے کی کوشش تو کی۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ دنیا کی بیشتر زبانوں کے قواعد اہل زبان نے نہیں بلکہ غیر لوگوں نے مرتب کئے ہیں۔ البتہ عربی اور سنسکرت اس سے مُستثنٰی ہیں۔ ابن الاسود اور پانینی وہ واحد اہل زبان تھے جنہوں نے بالترتیب سب سے پہلے عربی اور سنسکرت کے قواعد لکھے۔ اردو زبان کی ابتدائی گریمر لکھنے والا جون جوشوا کیٹلر بھی یورپی تھا۔ ان کے بعد اطالوی بنجمن شلزیو نے ہندوستانی زبان یعنی اردو کی گریمر تحریر کی۔ اس کی بنیادی وجہ یہ رہی ہے کہ اہل زبان

اپنی زبان کی گرامر کو لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ وہ ابتداً سے اس کے عادی ہوتے ہیں جب کہ بیرونی محققین کسی زبان کو سیکھنے کے لئے اس کی گرامر مرتب کرتے ہیں۔

گراہم بیلی کے ایک عرصہ بعد ایک پاکستانی محقق ڈاکٹر ناموس نے میرے ناموس کے تحفظ کا بیڑا اٹھایا۔ گلگت اور شینا زبان کے نام سے ایک بے حد ضخیم کتاب پہلی بار اردو رسم الخط میں لکھ ڈالی۔ میرے اس پیراہن کی تیاری کے کام میں ڈاکٹر ناموس نے چند مقامی دانشوروں کو اپنے ساتھ کیا۔ جنہوں نے اپنی دانست میں بہترین لسانی مترجم بننے کی پوری پوری کوشش کی لیکن پھر وہی ڈھاک کے تین پات۔ بات نہ بننے کی تھی نہ بنی کیونکہ ڈاکٹر ناموس اور اس کے معاون بھی میرے قامت کی ساخت اور لہجہ کی باریکی تک نہ پہنچ سکے۔ بیلی نے میری مختلف اصوات اور تلفظ کے مبہم مقامات کو پہچاننے کی کوشش ضرور کی تھی مگر وہ صرف مصوتوں کی طویل ادائی (Low tone) کے علاوہ میری دوسری لسانی باریکیوں تک نہ پہنچ سکا۔ مجھے بولنے والے درست بول بھی لیتے تو میرے لہجہ کے اتار چڑھاؤ اور کوتاہ، متوسط اور طویل مصوتوں کی ادائی سے اجنبی کان آشنا نہیں ہو سکتے تھے۔ ڈاکٹر ناموس جیسے ہمہ دان محقق کی اردو میں شینا پر لکھی ہوئی پہلی کتاب ایک قابل ذکر کارنامہ ضرور ہے لیکن ان کی تحقیق ادھوری اور میری ساخت کے لحاظ سے نامکمل ہے۔ ڈاکٹر موصوف کے ایجاد کردہ اضافی حروف ہجی پڑھنے میں مغالطہ کا باعث اور زبان لہجہ اور صوت کے اعتبار سے اجنبی معلوم ہوتی ہے۔

گراہم بیلی کی شینا گرامر درحقیقت مجھ پر ایک معقول و مبسوط کتاب ہے بیلی نے (Low tone) کو محسوس کر کے اس کے اظہار کے لئے باقاعدہ اشارے وضع کئے۔ اس نے گہری تحقیق کے بعد میری ساخت کو جدید لسانی اصولوں پر پرکھنے کی کامیاب کوشش کی ہے مگر یہ بھی درست ہے کہ بیلی کی کتاب ماہرین لسانیات کی رہنمائی تو کر سکتی ہے لیکن اسے عام پڑھے لکھے حضرات کسی شارح کے بغیر سمجھ ہی

نہیں سکتے۔ ان کے استعمال کردہ لسانی اصطلاحات اور اشارے قدم قدم پر رہبری کا تقاضا کرتے ہیں۔ یوں بھی میری ساخت میں بے حد اہم اور ناگزیر نکات مضمر ہیں جن پر بیلی اور ڈاکٹر ناموس کی نظر ہی نہیں پڑی جن کی تشریح و تکمیل کے بغیر ان کی تحقیقات کو حتمی اور باقاعدہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اہل زبان میں سے کوئی شخص مجھے جیسی ہوں ویسی ہی قرطاس پر رقم کرے۔ اس کے لئے ضروری بات یہ تھی کہ اہل زبان سے کوئی علم لسانیات کے رموز اور پیچ وخم سے آگاہ ہو۔ میں فخر یہ اعتراف کرتی ہوں کہ ڈاکٹر ناموس نے بھی مجھ پر بڑے احسان کئے ہیں۔

۱۹۸۰ء میں ایک جرمن ماہر لسانیات پروفیسر ڈاکٹر گیارگ بُدرُس پچیس برس بعد ایک بار پھر گلگت آئے۔ وہ ۱۹۵۵ء میں گلگت اور داریل میں گھوم پھر کر چند کہانیاں جمع کر کے اپنے وطن واپس گئے تھے۔ وہ مائینز میں گٹن برگ یونیورسٹی کے شعبہ "اِنڈالوجی" کے ڈائرکٹر ہیں جن کا منصب برصغیر میں بولی جانے والی زبانوں پر تحقیق کرنا ہے وہ خود سنسکرت کے ڈاکٹر اور فارسی کے عالم ہیں۔ کھوار زبان پر ان کی کتاب چھپ چکی ہے۔ ہندی، اردو اور شینا بولتے اور سمجھتے ہیں۔ ڈوماکی اور وخی زبانوں پر بھی موجود مواد پر نظر ثانی کر رہے ہیں۔ غرض جب اس ہشت پہلو لسانی طبیب نے میری نبض دیکھی اور بغور معائنہ کیا۔ اور اسی تشخیصی کام کے دوران مجھے انہوں نے ایک ٹونل لینگوئج (Tonal Language) قرار دیا۔ اس سے پہلے ہائیڈل برگ کے ماہر لسانیات ڈاکٹر ہرمن برگر نے میری ہمسائی بروشسکی کو بھی ٹونل زبان کہا تھا۔ ڈاکٹر بدرس نے میری ادائی کی باریکیوں کو نہایت مہارت سے کھنگال ڈالا۔ بال کی کھال اتارنے والے بُدرُس اور محمد امین ضیا دونوں میرے دامن میں پڑے ہوئے شعر و ادب کے مطبوعہ ذخیرہ کو یکجا کر کے "شینا ادب کی ابتدا سے" نامی کتاب پر گذشتہ سات برس سے کام کر رہے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ میری حیثیت، ساخت گرامر، لہجہ، صوت، ادائی اور دیگر فنی باریکیوں کے لحاظ سے وہ ایک مبسوط کتاب

ہو گی۔ کیونکہ ڈاکٹر بُڈرُس وہ واحد محقق ہیں جو مجھے سمجھ پائے ہیں۔ اُن کی رہنمائی اور میری ترجمانی کرنے والے م۔ ا۔ ضیا نے چند اضافی حروف تہجی موزوں کر کے ۱۹۷۴ء میں "لسان" اور ۱۹۷۸ء میں لوک ورثہ کے ادارہ کے لئے "سَوَینو مُوَرِیئے" لکھی ہیں۔ اب مجھے صوتی لحاظ سے قرطاس پر رقم کرنے کے لئے مختلف علامتوں کے ذریعہ میرے لئے ایک نیا ملبوس تیار کرنے کی غرض سے یہ کتاب لکھی ہے۔ اب میں کہہ سکتی ہوں کہ اردو میں یہ واقعی ایک منفرد کتاب ہے جس میں میری قدروں اور اصولوں کو سمجھ کر برتا گیا ہے۔ جو ملبوس مجھے آج میسّر آیا ہے اس کی مطابقت اور موزونیت کو میں ہی سمجھ سکتی ہوں۔

دوسری اہم بات جو مجھے کہنی ہے وہ یہ ہے کہ چلاسی، استوری، پنیالی اور بگروٹی شِنا بولیوں نے میری وسعت اور ہمہ گیری میں اضافہ کیا ہے۔ ازل سے یہ اصول رہا ہے کہ تہذیبیں اور زبانیں قوموں کے مراکز میں پلتی، بڑھتی، پھلتی اور پھولتی ہیں گلگیت کو اس خِطّہ کے مرکز کی حیثیت قدیم زمانے سے حاصل ہے۔ اسی مقام پر مختلف قبیلوں، بولیوں اور نسلوں کے درمیان اختلاط اور لین دین کے مواقع دوسرے علاقوں کے مقابلہ میں زیادہ ملتے رہے ہیں اور انتظامی مرکز ہونے کے ناطے سے مجھے گلگیت کی فضا میں بڑھنے، پھیلنے اور بولی سے زبان کا درجہ پانے کی صلاحیّت ملی ہے۔ گویا بولیوں، زبانوں اور قوموں کے مقام اتصال گلگیت ہی نے مجھے جذب وانجذاب کی خوبی دے کر میری اہم نوع دیگر بولیوں سے مجھے ممیّز کر دیا ہے۔ میری دوسری بولیاں ابتدائی مراحل میں ہیں جب کہ میں آج شعر و ادب اور روایات کے مطبوعہ ادب کی حامل ہوئی ہوں۔

آپ جانتے ہیں کہ میرا تعلق ہند یورپی زبانوں کی شاخ ہند آریائی کے دارد شاخ ہے۔ جہاں پر میں رائج ہوں اس خِطہ کو مختلف مصنفوں نے

دردستان کے نام سے موسوم کیا ہے۔ قدیم ویدک سنسکرت میں دردستان کے باسیوں کا ذکر ہے۔ وہ لوگ اس علاقہ کو "دارد" یا "دَرد" کے نام سے پکارتے تھے سنسکرت کی قدیم کتابوں کی رزمیہ نظموں اور پرانوں میں اس لفظ کا تذکرہ موجود ہے بعضوں کا خیال ہے کہ ہیروڈوٹس نے جن "سونا کھودنے والی" چیونٹیوں کا ذکر کیا ہے وہ اسی خِطّہ سے متعلق تھا ہے۔ بطلیموس نے اس علاقہ کے لوگوں کو "دَرَدائی" ہسٹرابو نے "دَرَدَئی" پلینی اور نوناس نے "دَرَدائے" اور ڈائیونیسِس نے "دَرَدَنوئی" کے ناموں سے موسوم کیا ہے۔ ڈاکٹر مہرالحق کے بقول ہندوستانی محققوں نے "دَرد" باشندوں کو شمال مغربی ہند کی دوسری قوموں کے ساتھ وحشی یا پست آریہ "نِشیت" کہا ہے۔ اِن لوگوں کے بارے میں اُن کا خیال تھا کہ یہ آدم خور ہیں[1] اس لئے انہوں نے "دَرد" کو پساچ کہا۔ پساچ ایک ایسے روایتی اور تخیّلاتی دیو کا نام ہے جو کچّا گوشت کھایا کرتا تھا۔

ڈاکٹر لیٹز اپنی کتاب دردستان کے دیباچہ میں رقمطراز ہیں کہ دَرد کے افعال اور دیگر شکلوں کے مطالعہ اور تحقیق سے وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ اس خطہ میں رائج زبانیں ایسی بولیوں اور پراکرتوں سے ماخوذ ہیں جن سے سنسکرت کی تکمیل ہوئی ہے۔ گویا دردستان کی بولیاں ایک ایسی زبان کی نشاندہی کرتی ہیں جو سنسکرت سے قدیم ہے۔ ڈاکٹر بُڈرُس کے کہنے کے مطابق "ڈوماکی" (سازندوں کی زبان) کی تکمیل وتشکیل میں بھی ایک ایسی ہی زبان استعمال ہوئی ہے جو اب صفحۂ ہستی سے مٹ چکی ہے اُن کے بقول شِنا اور بروشسکی دونوں میں اس معدوم زبان کے الفاظ کا ذخیرہ موجود ہے۔ ڈاکٹر گریئرسن پساچ زبان کو دَرد اقوام کے آباو اجداد کی زبان قرار دیتا ہے۔ ڈاکٹر بُڈرُس کے بقول میرے ذخیرۂ الفاظ کا ستّر فی صد سنسکرت سے ماخوذ ہے۔ لیکن مجھ میں "دیسَج" یعنی وہ الفاظ جو سنسکرت یا کسی پراکرت سے مستعار

---

[1] شری بدت کے آدم خور ہونے کی کہانیاں موجود ہیں۔

نہیں، کی کمی نہیں ہے۔

شِنا بولنے والے لوگ دریائے سندھ کے بالائی حصوں اور اس کے معاون دریاؤں کے دہانوں پر کشن گنگا، دراس، استور، گلگت اور زیریں ہنزہ نگر میں آباد ہیں۔ ۱۴۲ ہزار مربع میل پر پھیلے ہوئے علاقہ میں لگ بھگ پانچ لاکھ لوگ اسے بولتے ہیں۔ بہرحال مختلف نسلی اور لسانی قدروں میں ابہام ہونے کی وجہ سے ان کی درست تعداد معلوم نہیں ہو سکتی۔ لیکن یہ بات صحیح ہے کہ شِنا بولنے والے تمام لوگ شِین نہیں ہیں۔ شِنا کا تمام علاقہ بشمول گلگت، ہنزہ نگر غذر اور استور وغیرہ پاکستان کے ساتھ ہے۔ کشن گنگا، دراس، گریز، تلیل اور لداخ کے بروکست قبیلے ہندوستان کے قبضے میں ہیں۔ امریکی ماہرہ لسانیات رُتھ لائیلہ شمٹ کے مطابق ہندوستانی مقبوضہ علاقہ میں شِنا بولنے والے بچوں کو ان کی مادری زبان میں ابتدائی درسی کتابیں مہیا کرنے کا کام سرکاری سطح پر شروع ہو چکا ہے۔

یہ کتاب میری ساخت پر ایک عرصہ کی جدید لسانی قدروں اور اصولوں کی روشنی میں کی ہوئی تحقیق سے حاصل شدہ نتائج اور ہر لحاظ سے مکمل و مبسوط لسانی تقاضوں کے مطابق لکھی گئی ہے جس میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ نہ صرف ماہرینِ لسانیات بلکہ عام پڑھے لکھے مبتدی حضرات بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔ اس لئے ہر سبق کے آخر میں مشقیہ سوالات دیئے گئے ہیں جن کے حل کے لئے اشارہ یہ بھی شامل کیا گیا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ ابتدا میں مخصوص شِنا اصوات اور مصوّتوں سے متعلق علامتوں اور اشاروں کو سمجھنے میں مشکل پیش آئے لیکن یہ صورت زیادہ دیر تک نہیں رہ سکے گی۔ مشق اور تکرار سے مطالعہ کرکے رفتہ رفتہ ان اشاروں اور تلفظ کے مبہم مقامات سے آپ باآسانی گزر جائیں گے۔

مجھے شِنا اہل زبان سے مکرّر یہ کہنا ہے کہ اس گریمر کی تدوین و تصنیف کا کام سائنٹفک لسانی قدروں کو مدِنظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اہل زبان ان لازمی صوتی اشاروں اور گریمر کی ساخت کے بارے میں مصنف سے اختلاف نہیں کریں گے۔ جہاں تک اضافی شِنا حروف کا تعلق ہے تو ممکن ہے کہ بعض حضرات اختلاف بھی کر سکتے ہیں۔ اس کتاب میں جن اضافی حروف کو استعمال کیا گیا ہے وہ ایک عرصہ کی تحقیق و جستجو کے بعد تجویز ہوئے ہیں۔ انہیں کمپیوٹر اور اردو ٹائپ رائٹر پر آسانی سے ٹائپ کرنے کی اہمیت کے پیش نظر موزوں ترین شکل میں ڈھالا گیا ہے اس لئے ان حضرات سے یہ گذارش ہے کہ وہ اگر اس کتاب میں منتخب کردہ حروف اور صوتی اشاروں سے اختلاف رکھتے ہوں اور ان کی جگہ نئے حروف متعین کرنا چاہتے ہوں تو وہ بھی اس امر کو ملحوظ خاطر رکھیں کہ ان کے مجوزہ حروف ٹائپ بھی کئے جا سکیں۔

حرف آخر کے طور پر یہ بات کہ کوئی بھی تحقیق یا کوشش سو فیصد درست نہیں ہو سکتی۔ یہ کتاب بھی حتمی نہیں بہت ممکن ہے کہ اس میں بعض اسقام رہ گئے ہوں لیکن امید ہے کہ آنے والے محققین اور علم و فضل کے بلند منصب پر فائز اہل زبان اس کتاب پر نظر ثانی کرکے حواشی اور تعلیقات کے ذریعہ اس میں موجود غلطیوں کو دور کریں گے تاکہ آنے والے چند برسوں میں یہ ایک مکمل زبان کا درجہ پا سکوں۔ مجھے یقین ہے کہ فاضل شِنا اہل زبان اس کتاب میں موجود اغلاط کی نہ صرف نشاندہی کریں گے بلکہ اس کی مزید تفہیم و ترویج کے لئے اپنی آراء سے نوازیں گے۔

شِنا باش

تقریظ

مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ محمد امین ضیاؔ شینا قاعدہ اور گریمر
کو منظرِ عام پر لانے کی سعادت اوّلین بار حاصل کر رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں
کہ شینا زبان قبل مسیحؑ کی ایک زبان ہے۔ جیسے یہ دشوار گزار علاقہ ملکی اور غیر
ملکی سیاحوں اور محققوں کی دلچسپی کا باعث بنا رہا ہے اسی طرح یہاں کی زبان بھی
محققین کے تجسس کا باعث رہی ہے۔ اس زبان پر صدیوں کی گرد پڑی ہوئی
تھی جسے دور کرنے کے لئے مغربی محققین اور صرف ایک پاکستانی دانشور
ڈاکٹر ناموس نے کوشش ضرور کی تھی لیکن پھر بھی تسلی بخش کامیابی حاصل
نہیں ہوئی۔ ریڈیو پاکستان ۱۹۵۰ء سے شینا زبان میں پروگرام نشر کرتا ہے
مگر بسیار کوششوں کے باوجود ایک ایسی گریمر مرتب نہ کر سکا۔ یہ سہرا
بھی م۔ا۔ ضیاؔ کے سر بندھتا ہے۔ انہوں نے اس سے پہلے بھی شینا
میں دو کتابیں اپنے ایجاد کردہ اضافی حروفِ تہجی میں لکھی ہیں۔ یہ ان کی ایک

اچھی کوشش تھی لیکن شینا شعر و ادب کی طباعت و اشاعت کی طرف
لوگوں کی عدم توجہی سے وہ رسم الخط اب تک عام نہیں ہو سکا۔

گذشتہ سات سال سے ضیاؔ صاحب جرمنی کے مشہور ماہرِ لسانیات
جارج بُڈرُس کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ جرمنی
بھی ہو آئے ہیں۔ میں بُڈرُس صاحب کو ذاتی طور سے جانتا ہوں۔ وہ
لسانیات کے شعبہ میں واقعی یکتا ہیں۔ وہ واحد غیر ملکی محقق ہیں جنہوں نے
ٹھیٹھ شینا زبان میں ریڈیو پاکستان کو انٹرویو دیا۔ اُن کی قربت سے
تاثیر و تحریک لے کر ضیاؔ صاحب نے نہ صرف اضافی حروفِ تہجی بلکہ
صوتی اشارے اور ایک مکمل گریمر چھاپنے کے ارادے کو عملی جامہ پہنایا
ہے۔ یہ سچ ہے کہ شینا میں بہت سے الفاظ ایسے ہیں جن میں
فرق کرنا ہر لکھے پڑھے کے بس کی بات نہیں۔ ضیاؔ صاحب نے
ان مقامات کی وضاحت کے لئے اشارے وضع کر کے شینا

زبان وادب پر ایک بڑا احسان کیا ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ ان کی یہ کوشش انشاءاللہ رنگ لائے گی۔ انہوں نے شِنا کو جو ملبوس دیا ہے وہ ہر لحاظ سے اس کے لئے موزوں اور مناسب ہوگا۔

ضیا صاحب نے جس شوق اور تندہی سے اس کتاب کو منظرِ عام پر لانے کی کوشش کی ہے وہ بھی قابلِ تحسین ہے۔ کتابت کی ممکنہ غلطیوں سے اس کتاب کو پاک رکھنے کے لئے اُنہوں نے اس کی کتابت بھی خود کی ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ یہ کتاب آنے والی نسلوں اور شِنا پر تحقیق کرنے والوں کے لئے ایک میٹھے چشمہ کی حیثیت سے ہمیشہ ان کی پیاس بجھاتی رہے گی۔ درحقیقت شِنا کے حبس زدہ گھر میں یہ تصنیف ایک ایسا روزن ہے جس کے ذریعہ تازہ ہوا کے جھونکے شِنا سے دلچسپی رکھنے والے اذہان کے لئے فرحت، مسرت اور راحت کا باعث ہوں گے۔ میری دُعا ہے کہ ضیا کی یہ کاوش شرفِ قبولیت پائے (آمین)

(محمد اکرم خان)

سٹیشن ڈائرکٹر ریڈیو پاکستان گلگت

شِنا حروفِ تہجی

ا ب پ ت ٹ ج چ ڇ څ د ڈ ذ ر ڑ

ڙ ز ژ س ش ݜ ک گ ل م ن ں ݨ و ہ ء ی ے

عربی و فارسی حروف

ث ح خ ژ ص ض ط ظ ع غ ف ق۔ اِن حروف کے متبادل شِنا حروف یہ ہیں:۔ ث = س ، ص = س

ط = ت ، ظ،ض = ز،ذ ، ق = ک ، ف = پھ

ع = ا ، غ = گ ، ح = ہ

(International alphabets)

a b p t ṭ ǰ č c̣ ć

d ḍ r ṛ z ẓ s š ṣ k

g l m n w ẹ ŋ a y

bh ph th ṭh čh c̣h ćh kh gh

شینا کے مخصوص حروف

ڃ	ݗ	ڗ	ݜ	ڇھ	ݗھ	ݨ	ڙ
c	ċ	ẓ/ʐ	ṣ	c̣h	ċh	ŋ	ṛṛ

تشریحِ اصوات

ڃ	ڃکائی	ترازو	c̣akáai
ݗ	ݗرؤیک	پھاڑنا	ċiròiki
ڗ	ڗا	بھائی	ẓaa
ڙ	تھڙ	پرواز	ṭharr
ݜ	ݜِݜ	سر	ṣiṣ
ڇھ	ڇھر	آبشار	c̣har
ݗھ	ݗھرؤیک	چھڑکنا	ċharòiki
ݨ	ڈڈݨ	ڈھول	ḍăḍŋ

ڑ	کھنڑ	تلوار	khăṇar

حروفِ علت (واول)

شینا میں ہر واول چار طرح کی اصوات سے ادا ہوتا ہے۔ خفیف، کوتاہ، درمیانی اور طویل۔ چونکہ یہ زبان ایک ٹونل لینگویج ہے اور واول کی ادائیگی پر معنوں میں یقینی تبدیلی ہوتی ہے اس لئے اسے مخصوص علامتوں سے ظاہر کرنا ضروری ہے۔ اس کتاب میں چند خاص اشاروں کی مدد سے واول کی مختلف صوتی کیفیتوں کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان علامتوں کے بغیر شینا زبان کو درست طور پر پڑھنا، لکھنا اور سمجھنا بے حد مشکل ہے۔ جبکہ مخصوص اشاروں کی مدد سے اس زبان کو روانی کے ساتھ مروجہ لہجہ میں ادا کرنا ممکن ہوا ہے۔

واول کی کوتاہ صوت کو ظاہر کرنے کے لئے اس کے اوپر دائرہ کا نشان (ہ) لگایا گیا ہے۔ جیسے اَرَوْ میں واؤ کی ادائیگی کوتاہ ہے

اُرَوْ بارش پھتُوْ پیچھے

تُوْ تم۔ تو پٹُوْ پتا۔ ورق

جَوْٹَوْ چوزہ وَتَوْ آیا

کسی لفظ کے شروع یا درمیان واول کی ادائیگی میں کھچاؤ stress اس کے پہلے مورل (morel) پر ہو تو اس کے اوپر ایک کا ہندسہ "۱" لکھا گیا ہے۔ مثلاً :-

آمَوْ کچا

مَامَوْ ماموں aamŏ -

máamŏ - اُوَسٌ قرضہ

تِلینَوْ تیز uus -

tiinŏ - جِینَوْ زندہ

واول یا مصوتہ کی ادائی میں (stress) یا کھچاؤ اس کے دوسرے مورل (morel) پر ہو تو اس کے اوپر دو "۲" کا ہندسہ لکھ کر ظاہر کیا گیا ہے۔ جیسے :-

بَابُوْ (باپ) آپَوْ (کم) اَشَاتَوْ (کمزور)

ابَاتَوْ (سست) رَوْرَالُوْ (غصیلا) شِلدَالُوْ (پیارا)

شینا کے تمام مصادر طویل مصوتوں (Low tone) پر مشتمل ہیں جن کی صوت کو ظاہر کرنے کے لئے اِمالہ "ˆ" یا اُلٹی واؤ کا نشان لگایا گیا ہے۔ جیسے : دُوُر (دور) بُوُر (غروب)

پیوَیک (پینا) بیوَیک (بیٹھنا) رَیَوَیک (کہنا)

سِیوَیک (سیکھنا) اُتھیوَیک (اٹھنا) بُجوَیک (جانا)

شینا میں مصوتوں کے علاوہ مصمتوں کی ادائی میں بھی مبہم مقامات ہیں جہاں کھچاؤ، شد یا (stress) کسی لفظ کے پہلے، دوسرے یا تیسرے حرف پر لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس باریک مگر مؤثر اور فعال قدر کے آگے پیچھے ہونے سے لفظ کے معنی یکسر بدل جاتے ہیں۔ مثلاً :-

واول کی کوتاہ صوت کو ظاہر کرنے کے لئے اس کے اوپر دائرہ کا

نشان (ہ) لگایا گیا ہے۔ جیسے اَرَوْ میں واؤ کی ادائیگی کوتاہ ہے

اَرَوْ	بارش	پھتوْ	پیچھے
تُوْ	تم۔ تو	پٹوْ	پتا۔ ورق
جُوْٹوْ	چوزہ	وَتوْ	آیا

کسی لفظ کے شروع یا درمیان واول کی ادائیگی میں کھچاؤ stress

اس کے پہلے مورل (morel) پر ہو تو اس کے اوپر ایک کا ہندسہ "۱"

لکھا گیا ہے۔ مثلاً :۔

	کچا	آموْ
مامُوْ	ماموں	aamŏ –
máamŏ	– اُوش	قرضہ
تیلیٖنوْ	تیز	úus –
tíind –	جیٖنوْ	زندہ

واول یا مصوتہ کی ادائی میں (stress) یا کھچاؤ اس کے دوسرے مورل (morel) پر ہو تو اس

کے اوپر دو " ۲ " کا ہندسہ لکھ کر ظاہر کیا گیا ہے۔ جیسے :۔

ماٗلوْ	(باپ)	آپوْ	(کم)	اَشاٗتوْ	(کمزور)
اٗباٗلوْ	(سُست)	رُوْرُاٗلوْ	(غصیلا)	شِلداٗلوْ	(پیارا)

شنا کے تمام مصادر طویل مصوتوں (Low tone) پر مشتمل ہیں جن

کی صوت کو ظاہر کرنے کے لئے اِمالہ " ؍ " یا الٹی واؤ کا نشان لگایا گیا

ہے۔ جیسے : دُوَر (دور) لُوْر (غروب)

پیوٗیک (پینا) بیوٗیک (بیٹھنا) رِیوٗیک (کہنا)

سیکوٗیک (سیکھنا) اُتھیوٗیک (اٹھنا) بجوٗیک (جانا)

شنا میں مصوتوں کے علاوہ مصمتوں کی ادائی میں بھی مبہم مقامات ہیں

جہاں کھچاؤ، شد یا (stress) کسی لفظ کے پہلے، دوسرے یا تیسرے حرف

پر لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس باریک مگر مؤثر اور فعال قدر کے

آگے پیچھے ہونے سے لفظ کے معنی یکسر بدل جاتے ہیں۔ مثلاً :۔

اَرُوْ اور اَرُوْ ایک قسم کے حروف اور اعراب سے بنے ہیں۔ بغیر ک
مخصوص اشارے کے دونوں میں فرق نہیں کیا جا سکتا۔ اب اگر ہم اس
پہلے حرف پر مد کی علامت زبر کے ساتھ لگا دیں تو "آرُوْ" پڑھا جائے گا
کے معنی "سُوا" کے ہیں۔ اگر یہی اشارہ "" اس کے خاتمۃ اللفظ سے پہ
رکن "رُ" کے اوپر لگا دیں تو یہ "اَرُوْ" یعنی "اندر" پڑھا جائے گا۔ د
مثالیں اس نکتہ کی وضاحت کریں گی۔ جَرِیْ (بڑھیا) جَرِیْ (ناجائز آش

وِیَم (کھولوں گا) وِیَم (ڈال دوں گا) دُمَس (دیتا ہوں) دَمُس (

پھَرِیْ (محلہ) پھَرِیْ (اگلے برس) اُرَسَے (بارش کی جمع) اُرَسَے (ب

ہیم (میں سیکھوں گا) سِیَم (میں کہلا بھیجوں گا)

کوتاہ مصوتہ ؕ — تنہا واول کے پہلے مورل پر کھچاؤ یا مد ۱

دوسرے مورل پر کھچاؤ یا مد ۲ — طویل مصوتہ یا لوٹون ۷

زور یا دباؤ کی علامت ۷ — خفیف یائے معروف ۶

شینا، اردو مفرد کلمے

شینا	اردو	شینا	اردو
وَه	آؤ	بُوه	جاؤ
رَه	کہہ	کَھ	کھاؤ
بَیَیْ	بیٹھو	اُتھو	اُٹھو
چَے	چلو	چَے	تین
وَرَے	لاؤ	ہَرَ	لے جاؤ
پِی	پیئو	سَو	سو جاؤ
نَیَہ، نَے	نہیں	نَہ	نہیں، نہ، بس
تَہ	تو	لِکھ	لکھو
پَڑَھ	پڑھو	دَمَہ	مارو

شینا	اردو	شینا	اردو
دُبجے	دھو لو	سیچ	سیکھو
پچھ	مانگو	گِن	لے لو
چھاں	بھیجو	لائی	پالو۔ڈھونڈو
لام	صاف	لام	پکڑو
تام	گیلا	شام	شام
وامُس	آتا ہوں	وامِس	آتی ہوں
بجمُس	جاتا ہوں	بجمِس	جاتی ہوں
بیئمُس	بیٹھتا ہوں	بیئمِس	بیٹھتی ہوں
چھانمُس	بھیجتا ہوں	چھانمِس	بھیجتی ہوں
ولمُس	لاتا ہوں	ولمِس	لاتی ہوں
سمُس	سوتا ہوں	سمِس	سوتی ہوں

شینا	اردو	شینا	اردو
پاشمُس	دیکھتا ہوں	پاشمِس	دیکھتی ہوں
گنمُس	لیتا ہوں	گنمِس	لیتی ہوں
کھمُس	کھاتا ہوں	کھمِس	کھاتی ہوں
سچمُس	سیکھتا ہوں	سچمِس	سیکھتی ہوں
وان	آتا ہے	واین	آتی ہے
بجین	جاتا ہے	بجِن	جاتی ہے
لکھین	لکھتا ہے	لکھِن	لکھتی ہے
ولین	لاتا ہے	ولِین	لاتی ہے
بیئین	بیٹھتا ہے	بیئِن	بیٹھتی ہے
پیئین	پیتا ہے	پیئِن	پیتی ہے
پڑین	پڑھتا ہے	پڑِین	پڑھتی ہے

شینا	اردو	شینا	اردو
پچَھین	گرتا ہے	پچِھن	گرتی ہے
سِیئین	سیتا ہے	سِیئِن	سیتی ہے
سَئین	سوتا ہے	سِئین	سوتی ہے
کھاان	کھاتا ہے	کھاإِن	کھاتی ہے
ڇکین	دیکھتا ہے	ڇکین	دیکھتی ہے
پاشَین	دیکھتا ہے	پاشِن	دیکھتی ہے
یائین	چلتا ہے	یائِن	چلتی ہے
لامَین	پکڑتا ہے	لامِن	پکڑتی ہے
رَئین	روتا ہے	رِئین	روتی ہے
دَئین	دیتا ہے	دِئین	دیتی ہے
پَئین	تھکتا ہے	پِئین	تھکتی ہے

شینا	اردو	شینا	اردو
گاانو	گئے ہو	گینِئے۔گینی	گئی ہو
بُجَھنو	جاتے ہو	بُجِھنی	جاتی ہو
وَانو	آتے ہو	وانِی	آتی ہو
کھاانو	کھاتے ہو	کھانِی	کھاتی ہو
رَانو	کہتے ہو	رانِی	کہتی ہو
وَلینو	لاتے ہو	وَلینِی	لاتی ہو
پاشَنو	دیکھتے ہو	پاشِنی	دیکھتی ہو
یائینو	چلتے ہو	یائینی	چلتی ہو
لامَنو	پکڑتے ہو	لامِنی	پکڑتی ہو
رَئینو	روتے ہو	رِئینی	روتی ہو
تَئینو	مارتے ہو	تِئینی	مارتی ہو

اسماء نکرہ

شینا	اردو	شینا	اردو
آجی	ماں	بابو۔ بابا	باپ
دادو	دادا	دَدِی	دادی
مامو۔ موَل	ماموں	پھپی	پھوپھی
ژا	بھائی	سہ	بہن
پُچ	بیٹا	دِی	بیٹی
جمیچو	داماد	نوش	بہو
برو	شوہر	گیِن۔ جمات	بیوی
شیئر	سسر	شِشیش	ساس
شری	بہنوئی	شری	سالہ
چھنالو	خالو	چھنال	خالہ

شینا	اردو	شینا	اردو
پوچو	پوتا	پوچی	پوتی
سوئو	بھانجا	سوئی	بھانجی
سجونو	واقف	اجونو	اجنبی
ہلال	دلھن	ہلالو	دلھا
سومو	دوست	سومی	سہیلی
تنر	خالہ	نانی	پھوپھی
کام	رشتہ دار	لوگو	غیر
بلی	سسرول کا رشتہ	بلیئن	ساسوں کا رشتہ
چھمیاکو	بلوٹی کا بچہ	چھمیاکی	بلوٹی کی بچی
چنالو	پیارا	چنالی	پیاری
نھلو	سب سے چھوٹا لڑکا	نھلی	سب سے چھوٹی بیٹی

مناظرِ قدرت

شینا	اردو	شینا	اردو
سِن	دریا	سَر	سمندر
گیَہ	نالہ	گمُک	کنکر
شَیلیمو	گلیشئر	گورِ۔ تَہہ	چٹان
ہَگَاؤ	آسمان	بِرِدِی	زمین
ہِن	برف	جُت	سبزہ
پُھنَر	پھول	اُنَخ	چشمہ
تلائی۔ بَرِی	تالاب جھیل	بُرگال	بادل
اَرَو	بارش	کھارِی	ساحل
اَیَنار	ژالہ	بِچُش	بجلی
بَج	برق	مُواس	طغیانی بسیلاب

شینا	اردو	شینا	اردو
بُن	جنگل	گُرزَین	باغیچہ
[illegible]ھکو	باغ	تَوم	درخت
[illegible]گائی دِیِ	افق	یُون	چاند
سُورِی	سورج	تارے	ستارے
شُرَو	کرن	سَنَت	روشنی
گُشُنَک	اندھیرا	چَلیبُج	صبح
دَزَغ	دوپہر	بَلہ کال	سہ پہر
بُوش	غروب	جِل	طلوع
راتی	رات	لَوجَہ بَیل	گجردم
پَرکال	پچھلے سال	لَو لوٗک	پو پھٹنا
اَجُو کال	اس سال	وَاڑہ کال	آنے والا برس

شینا	اردو	شینا	اردو
بَزَوْنَوْ	بہار	شَرُوْ	خزاں
اُوْاُوْ	گرما	یَوْنَوْ	سرما
رَاتِیْ لَوْ	رات بھر	اَجِیْ بَئِیٹ	لگاتار

شینا میں کسی اسم کو خاص طور پر واحد ظاہر کرنا ہو تو اس کے آخر میں "ک" لگایا جاتا ہے۔ جیسے :۔

شینا	اردو	شینا	اردو
بَال	لڑکا	بَالک	ایک لڑکا
ژَا	بھائی	ژَاک	ایک بھائی
یَوْنَر	گھراٹ چکّی	یَوْنَرک	ایک چکّی
یُوْن	چاند	یُوْنک	ایک چاند
یَوْنَوْ	سرما	یَوْنگ	ایک سرما

شینا	اردو	شینا	اردو
کھَٹ	کھاٹ	کھَٹک	ایک کھاٹ
وَئِی	پانی	وَئِیک	ایک پانی
رَا	راجہ	رَاک	ایک راجہ
سَوْنِی	ملکہ	سَوْنِک	ایک ملکہ
کھَوْئِی	ٹوپی	کھَوْئِیک	ایک ٹوپی
ہَگُئِی	انگلی	ہَگُئِیک	ایک انگلی
ہَت	ہاتھ	ہَتک	ایک ہاتھ
جِپ	زبان	جِپک	ایک زبان
تَشِی	چھت	تَشِک	ایک چھت
پھَٹَائِی	ٹانگ	پھَٹَائِک	ایک ٹانگ
گَان	ٹانگ	گَانک	ایک ٹانگ

شینا	اردو	شینا	اردو
سِس	سر	سِشک	ایک سر
ڈِم	بدن	ڈِمک	ایک بدن
بُوشِی	بلّی	بُوشِک	ایک بلّی
گُوم	گندم	گُومک	ایک گندم
دِیز	دن	دِیزک	ایک دن
زَگُن	گدھا	زَگُنک	ایک گدھا
چھَر	آبشار	چھَرک	ایک آبشار
بَلَہ	پولو	بَلاک	ایک پولو
اَنُشپُو	گھوڑا	اَنُشپک	ایک گھوڑا
کِیئی	آبادی	کِینک	ایک آبادی
چھُمُو	مچھلی	چھُمک	ایک مچھلی

اشارہ اور مشارٌ الیہ

شینا میں قریب کے لئے اَنُو اور دور کے لئے اَوْ استعمال ہوتا ہے۔ صیغۂ مونث کے لئے اَنِے اور اَے بولا جاتا ہے۔

اَنُو	یہ	اَوْ	وہ	مذکر
اَنِے	یہ	اَے	وہ	مونث

مثالیں

اَنِے سِین	یہ دریا	اَے سِن	وہ دریا
اَنُو دَر	یہ دروازہ	اَوْ دَر	وہ دروازہ
اَنِے پھُنَر	یہ پھول	اَوْ گوٹ	وہ گھر
اَنُو بَال	یہ لڑکا	اَے مُلَائی	وہ لڑکی
اَنُو گہہ	یہ خالہ	اَوْ سمر	وہ سمندر

شینا میں بھی اردو کی طرح اسم اشارہ اپنے مشارٌ الیہ سے پہلے آتا ہے

مشارٌ الیہ جمع ہو تو اشارہ بھی جمع میں آئے گا۔

اَنُوْ	یہ	اَنِیْ	یہ سب	مذکر
اَوُ	وہ	اَیٖءْ	وہ سب	
اَنےْ	یہ	اَنِیْ	یہ سب	مونث
اَےٗ	وہ	اَیٖءْ	وہ سب	

دیگر مثالیں

اَنِیْ اَشپےْ	یہ گھوڑے	اَیٖءْ جک	وہ لوگ
اَنِیْ بِلیْ	یہ لڑکے	اَیٖءْ مُلائیےْ	وہ لڑکیاں
اَنِیْ دیزیْ	یہ دن	اَیٖءْ راتےءْ	وہ راتیں
اَنِیْ گاموْ	یہ گاؤں	اَیٖءْ ہَٹیےْ	وہ محلے
اَنِیْ مَوریےْ	یہ باتیں	اَیٖءْ کامیْ	وہ رشتہ دار

اشارہ تاکیدی میں اِسم اشارہ کے بعد اَکِیْ کا لفظ لگا دیا جاتا ہے۔

مثالیں

اَنُوْ بالْ اَکِیْ	یہی لڑکا	اَوُ تومْ اَکِیْ	وہی درخت
اَنےْ دِمیْ اَکِیْ	یہی بیٹی	اَےٗ چَیْیےْ اَکِیْ	وہی عورت
اَیٖءْ سَوْمےْ اَکِیْ	وہی دوست	اَیٖءْ رَارےْ اَکِیْ	وہی بھائی
اَنُوْ ٹھگوْ اَکِیْ	یہی باغ	اَوُ چھومْ اَکِیْ	وہی چھڑا
اَنےْ چھینشْ اَکِیْ	یہی پہاڑ	اَےٗ پوْنْ اَکِیْ	وہی راستہ
اَنُوْ گوٹْ اَکِیْ	یہی گھر	اَوُ بَرْوٗنُوْ اَکِیْ	وہی انگوٹھی
اَنِیْ کرسیئےْ اَکِیْ	یہی کرسیاں	اَیٖءْ میزیْ اَکِیْ	وہی میزیں
اَنُوْ مالوْ اَکِیْ	یہی باپ	اَوُ ترچ اَکِیْ	وہی بیٹا
اَنےْ کتاب اَکِیْ	یہی کتاب	اَےٗ کلمْ اَکِیْ	وہی قلم

جار مجرور

حرفِ جار :- وہ حرف جو کسی اسم کے ساتھ مِل کر اس کا تعلّق فعل سے ظاہر کرے۔ مثلاً درج ذیل حروف جار ہیں۔

کشمیری	اردو	کشمیری	اردو
یٔژ	میں	پٮ۪ٹھ	پر
جَوْ	سے	ٹیٹ	کو
بوَسَنّد	تک	بَنَیش	تک
سانٛتیٖ	ساتھ	مُحِھَو	سامنے
اَڑُوْ	اندر	دَرُوْ	باہر
کِھرِیْ	نیچے	اَجیْ	اوپر
پِھتُوْ	پیچھے	مُجھُوْٹ	آگے
یَژ	پہلے	کارِیْ۔ کارِیوْ	کے لئے
رِگٔیہ	سے	ییٚچھ اَپچیْ	قریب۔ پاس

مجرور :- جس اسم کا تعلّق ظاہر کیا جائے وہ مجرور کہلاتا ہے جیسے :-

گوٗٹیٚژ	گھر میں

اس میں گوٗٹ مجرور ہے اور ژ حرفِ جار۔ اس صورت میں جو خاص بات سامنے آئی وہ یہ ہے کہ حرفِ جار کو لگانے کے بعد طویل واول (low tone) پر مشتمل اسمائے میں واول کی ادائی کوتاہ ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا کہ اسم گوٗٹ میں "وٗ" طویل تھا لیکن حرفِ جار کے ساتھ مربوط ہونے کے بعد "وْ" کی طوالت گھٹ کر کوتاہ ہوگئی۔ اس سے یہ اصول وضع ہوا کہ طویل حروفِ علّت میں ادا ہونے والے یعنی اسمائے حرفِ جار کے لگنے سے کوتاہ ہو جاتے ہیں۔ مثلاً :-

مُوٗش	گوشت	موْزیٚژ	گوشت میں
دُوٗر	دور	دُوْرِیٹ	دور تک/کو

شِناٗ میں حروفِ جار کا استعمال

شِناٗ	اردو	شِناٗ	اردو
ٹھگیرَہ	باغ میں	بَلَیْٹ	لڑکے کو
بَابَے جَوْ	باپ سے	ہَتَیْج	ہاتھ پر
اَسمانَے جَوْ	آسمان سے	ژَوَیْٹ	بھائی کو
گِلتےْ جَوْ ہُنزَیٹ	گلگت سے ہنزہ		
اسلام آبادے جَوْ گِلیتَیْٹ	اسلام آباد سے گلگت		
گِلتےْ جَوْ کَراچِیْٹ ٹھَنَکْ	گلگت سے کراچی تک		
مَدرَسَیَر	مدرسہ میں	ڈَیمَیْج	بدن پر
اکبرے سانِتی	اکبر کے ساتھ	اَسلَمے جَوْ	اسلم سے
ژَوَے مُچھوْ	بھائی کے سامنے	پِیسے پھُتوْ	پیٹھ پیچھے
کَوَمے کَارِ	کام کے لئے	گوٹھیجو دَروْ	گھر سے باہر
ڈیرَیرَ اَروْ	پیٹ کے اندر	تَشِے کھَرِیْ	چھت کے نیچے

چند مختصر شِناٗ جملے

شِناٗ	اردو
پاؤوز چِشلیۓ ہَن ۔	پاؤں میں چپلیاں ہیں ۔
نَوَمل چھِینَسے پَھتوْ ہَن ۔	نومل پہاڑ کے پیچھے ہے ۔
شِیشَیج بَار ہَن ۔	سر پر بوجھ ہے ۔
تَلَیتج نِکھ	چھت پر چڑھ
ثَلِش بَن تھے	سانس روک لے
شُوتیج یَائے	پل پر چل ۔
شکولے جَوْ دَرُٹ نَے بوْ	سکول سے باہر مت جاؤ
اَلو بَلَیٹ لِکھوئِک وَاۓن	اس لڑکے کو لکھنا آتا ہے
واجدے سانِت وَہ	واجد کے ساتھ آؤ
اُستادے جَوْ سِیخ	استاد سے سیکھو

تُو جَکلے کاڑ بجنُو ؟	تم کس لئے جاتے ہو ؟
تُو کیہ لَش بَلینُو ؟	تم کیوں شرماتے ہو ؟
تھَی جَیک کوم ہَن ؟	تمہارا کیا کام ہے ؟
مَاں مَالُو مُجھو اَدب گِنِی بیئی	ماں باپ کے سامنے ادب سے بیٹھو
ٹھگینٹ وَیئی تھے	باغ کو پانی دو
تھَی جَیک نوم ہَن ؟	تمہارا کیا نام ہے ؟
مَی نوم احمد ہَن	میرا نام احمد ہے۔
تھَی ہَیٹ کوئِن ہِن ؟	تمہارا محلہ کہاں ہے ؟
مَی ہَیٹی نوم اَمپھری ہَن	میرے محلے کا نام امپھری ہے
تھَی گوٹ سِنُو ہَجیج ہَن	تیرا گھر دریا کے دہانے پر ہے
تو کوئِ نلِٹے بجنُو ؟	تم کہاں جاتے ہو ؟

مَے کو مَیٹ نِکھتُس	میں کام پر نکلا ہوں
مَی ژاس سبق رَان	میرا بھائی سبق پڑھتا ہے
مِتھی پُچے نوم جَیک ہَن ؟	تیرے بیٹے کا کیا نام ہے ؟
اَنے پَون کوئِ نِلِٹے بجَن ؟	یہ راستہ کہاں جاتا ہے ؟
گلیتے ہوٹل ہِنا ؟	کیا گلگت میں ہوٹل ہیں ؟
شینا یاسینَر کِتابی ہِنا ؟	شینا زبان میں کیا کتابیں ہیں ؟
اَشپیج پولہ دے	گھوڑے پر پولو کھیلو
سینئر تَم نَے دَے	دریا میں مت تیرو
شوٹھی پَونیچ یائی	سیدھی راہ پر چل
شوری بُڑیٹ نے اوہ	سورج ڈوبنے سے پہلے آؤ
شَپیج نے بَیئی	مٹی پر مت بیٹھو

واحد۔ جمع

شِینا میں واحد سے جمع بنانے کے لئے اکثر ے اور ی لگادی جاتی ہے۔ درج ذیل مثالوں کو دیکھیئے:۔

واحد	جمع	واحد	جمع
ڑاَ	ڑاارےْ	سَہ	سَیارَےْ
بھائی	بھائی	بہن	بہنیں
شُدَار	شُدارِئےْ	مُلائیْ	مُلائےْ
بچہّ	بچےّ	لڑکی	لڑکیاں
پَچینیْ	پَچینئےْ	مُشا	مُشیئےْ
عورت	عورتیں	مرد	مرد
مَنُدَوْ	مَنُدَےْ	گَام	گَامِیْ
آدمی	آدمی	رشتہ دار	رشتہ دار

واحد	جمع	واحد	جمع
بَال	بَلیْ	کَال	کَلیْ
لڑکا	لڑکے	برس	برس
گَریب	گرَیبیْ	پیپُوَنوْ	پیپُوَنےْ
غریب	غربا	امیر	امراء
دُنیاٹ	دُنیاقیْ	سَر	سَریْ
دنیا	دنیائیں	سمندر	سمندر
سَوْمَوْ	سَوْمےْ	سَوامَوْ	سَوامےْ
دوست	دوست	روشندان	روشندان
سَوْمِیْ	سَوْمِیئےْ	جَمات	جَماتِیْ
سہیلی	سہیلیاں	بیوی	بیویاں

واحد	جمع	واحد	جمع
کھپینیع	کھپیسئے	پا	پلٹئے
پچیع	پچیھے	پاؤں	پاؤں
برس	برسی	بارس	بارہسی
برس	برس	مرغابی	مرغابیاں
کرکامش	کرکامشی	ہنے	ہنجے
مرغی	مرغیاں	انڈا	انڈے
گو/گاؤ	گوی/گوی	دونو	دونے
گائے	گائیں	بیل	بیل
دار	دارئے	گال	گلی
بیٹا	بیٹے	زخم	زخم

مِثالیں	
چھمو سینیر ہن	مچھلی دریا میں ہے
بارسش تھر دسے نین	مرغابیاں اڑتی ہیں
بلیس سبک راتین	لڑکے سبق پڑھتے ہیں
ہندارئینس ہائے تھانین	بچے کھیلتے ہیں
یودنے کامی ہستے طبے نین	زیادہ رشتہ دار اچھے ہوتے ہیں
تاتی چہ نے پی	گرم چائے مت پیئو
انے پون رہ گی ہین	یہ راہ لمبی ہے
اکو بال تیلیو ہن	یہ لڑکا تیز ہے
اسمان (ہگائی) نیلی ہین	آسمان نیلا ہے
رتو اجونو ہن	وہ اجنبی ہے
اکو مس سجوتک ہن	یہ میرا ایک شناسا ہے

اَشس اُشکرُ ہَن	آج جمعہ ہے
بَلہ بَرِیسپَت اَسُو	کل جمعرات تھی
لَسُٹاہِک شِمشَیرِ ہَن	کل ہفتہ ہے
سَفاہِ چھیلے بَنوہِک مِسِی ٹھ	صاف کپڑے پہنا اچھا
تَوَم رَوُیٹ ہَوا تھے	اپنے بھائی کو بلاؤ
تَوَم بابیٹ ہَوا تھے؟	کیا اپنے باپ کو بلاؤ گے؟
مَس ہَوا تھے وُتُس	میں بلا کر آیا
تَوَم سَنُو مَنیٹ سِیچے	اپنے دوست کو پیغام دو
تُس مَٹ سِیچے؟	کیا تم مجھے پیغام دو گے؟
مَہ وَام تھے سِیچے وَہ	میں آؤں گا کہہ کر پیغام دے آ
شِینا سِیچوک رَک تھینو؟	کیا شینا سیکھنے کی خواہش رکھتے ہو؟

صِفت مُوصُوف

صفت اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی اسم کی کیفیت بتائے اور موصوف وہ اسم جس کی صفت بیان کی جائے۔ جیسے :

شُدَرِچی پھُنَر — خوبصورت پھول

اس میں شُدَرِچی صفت اور پھُنَر موصوف ہے۔ چند مثالیں دیکھئے

صفت	موصوف	صفت	موصوف
شُدِلی	اَوَنشی	ٹھُلو	مُندو
ٹھنڈی	ہوا	موٹا	آدمی
لَوکو	اَنَنشپو	اَباتِی	بَام
تیز	گھوڑا	سست	گھوڑی
شِیشی	کھوٹی	اُتھُلو	تَوَم
سفید	ٹوپی	اونچا	درخت

صفت	موصوف	صفت	موصوف
نَاٹےْ	جَک	پرْونےْ	سَوْمےْ
نئے	لوگ	پرانے	دوست
کِنوْ	ڈَیگرْ	اَشاَتیْ	گاَوْ
کالا	بھیڑو	کمزور	گائے
اُکَیسِیْ	چھیاَنشْ	شِیلوَْ	ہِیئیوْ
ڈھلوان	پہاڑ	کھلا	دل
شِیلوَْ	سَوْموَْ	نَرِیْ	گَشْ
سخی	دوست	کھٹن	گھاٹی
نوَاَلِیْ	جِیپ	شُیلوَْ	مُکھ
لال	زبان	سفید	چہرہ

صفت	موصوف	صفت	موصوف
اِسپاؤ	مَیوَہ	چُنوْ	تَرا
میٹھا	پھل	چھوٹا	بھائی
بلیلو	پیچ	شِلداٹُ	آجِیْ
[illegible]	بیٹا	پیاری	ماں
[illegible]	تَلائی	شِیلوْ	سَر
گہرا	جھیل	وسیع	سمندر
[illegible]	گہوَر	چھمیاکِیْ	دِہی
اونچی	لہر	پلوٹھی کی	بیٹی
[illegible]	مُشا	اَگاؤْ	شَا
سچا	آدمی	پھیکا	سالن

مُضاف اور مُضاف الیہ

دو اسموں کے باہمی تعلّق کو اضافت کہتے ہیں۔ جس اسم کا تعلّق دکھایا جائے اسے مضاف اور جس کے ساتھ تعلّق ظاہر ہو اسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔ مثلاً "شوکت کا بازو" میں شوکت مضاف الیہ اور بازو مضاف ہے۔ "کا" حرف اضافت کہلاتا ہے۔

شوکتئیٔ شاکوْ   شوکت کا بازو

شوکت کے ساتھ لگایا ہوا "ئی" شِناحرفِ اضافت ہے۔

جسے دو اسموں کے باہمی تعلّق کو ظاہر کرنے کے لئے لگا دیا جاتا ہے

گلتیٔ جہازِ داس	گلگت کا ہوائی اڈہ	گوٹھئیٔ دَرْ	گھر کا دروازہ
تھئیٔ نوَم	آپ کا نام	پاکستانئیٔ جھنڈا	پاکستان کا جھنڈا
سَعیدائیٔ مُنیئیر	سعیدہ کی گڑیا	اَسلمئیٔ بَابوْ	اسلم کا باپ
اَیتئیٔ دَیز	عید کا دن	جُٹیالئیٔ گَنہ	جٹیال کا نالہ

مونث ۔ مذکر

مشا	چیئیْ	بَاَں	مُلاَئیْ
مرد	عورت	لڑکا	لڑکی
کوا	سہ	پچّھ	ڈِی
بھائی	بہن	بیٹا	بیٹی
کار	بَیخ	جُرَوْ	جُرِیْ
بشیا۔ لڑکا	دوشیزہ لڑکی	بوڑھا	بوڑھی
الشپوْ	بَام	یَنّچھ	یَنّچھِنیْ
گھوڑا	گھوڑی	بھوت	بھتنی
بھبلا	بگواشِیْ	بَچَھوْ	بَچھَرِیْ
بلا	بِلیّ	بچھڑا	بچھڑی
دلونو (بیل)	گوْ (گائے)	ممگر (بکرا)	اُئیْ (بکری)

ڈَیگر	اِجیلِیْ	سَنڈہ	مَینوش
بیرڈو	بیڑ	بھینسا	بھینس
لَوگوَ	لَوگِیْ	ہَگرُوْ	ہَگرِیْ
پرایا	پرائی	بھاری	بھاری
گَگوُنوَ	گَگوُنِیْ	سِیلوْ	سِیلِیْ
رنڈوا	بیوہ	پاکباز	پاکدامن
رِتینوَ	رِتینِیْ	رِجینوْ	رِجینِیْ
تیز	تیز	زندہ	زندہ
تَیشر	شِیَش	سَوْموْ	سَوْمیْ
سُسر	ساس	دوست	سہیلی
بَارش	بَارشوئی	کَنگرُوچوْ	گُرکامُش
مرغابی	مرغابی	مرغا	مرغی

چند مختصر جملے:

اکو مَشا کوک ہَن؟	وہ مرد کون ہے؟
اسے چِینِی زَولِک ہَین	یہ عورت کمزور ہے۔
باں مُلاشے جوْ بڑوْ ہَن	لڑکا لڑکی سے بڑا ہے
سلیم ئی گوٹ کچِے ہَن	سلیم کا گھر قریب ہے
ایی شَئی سَوسے ہَن	وہ تمہارے دوست ہیں
بکاک گر بشکری ئی ٹمک تھے	بچھڑے اور بچھڑی کو باندھ لو
مادکو شَتِیلوْ بین	بیل طاقتور ہوتا ہے
گاؤ سئے دَت بَودوْ دِین	گائے دودھ زیادہ دیتی ہے
کا گہ سہ پرحرئے ہَن	بھائی اور بہن ایک جیسے ہیں
لو ییلوْ ہنو	تم بہادر ہو
اکو بھشوروْ ہَن	وہ بزدل ہے

شینا	اردو
اَسے اَو بَلِیَ آجی ہین	یہ اس لڑکے کی ماں ہے
ڈَیگرَئی سِنَ ٹیرو ہَن	بھیڑو کا سینگ ٹیڑھا ہے
اِجیلی چرِبجن	بھیڑ چر رہی ہے
بُوشی سُتِن	بلی سوئی ہے
بَمبلاس میاواں دین	بِلاّ میاؤں میاؤں کر رہا ہے
اَسے بَس کو نِیئے بِجن ؟	یہ بس کہاں جاتی ہے
تو کو نِیئو وَتیئے ؟	تو کہاں سے آئی
سَندہ گہ میگوش چھیلیجے ہَن	بھینیا اور بھینس کھیت میں ہیں
مالو گہ پُچ وَتے	باپ اور بیٹا آئے
کِریمے زاارے گہ سیارنے گیئے	کریم کے بھائی اور بہنیں گئیں
اَسلمے ماں ماںئے گوٹیر ہَن	اسلم کے ماں باپ گھر پر ہیں

مونث اور مذکر جمع کے لئے ہَن ، مونث واحد کے لئے ہین اور مذکر واحد کے لئے ہَن مستعمل ہے

ضمیر

وہ کلمہ جو اسم کی جگہ استعمال ہو ضمیر کہلاتا ہے۔ شینا میں درج ذیل ضمائر مستعمل ہیں:

واحد	مہ	تُو	رو
	میں	تو	وہ
جمع	بے	تھو	ری
	ہم	تم	وہ (سب)

ضمیر شخصی تین طرح پر ہے ، غائب ، حاضر اور متکلم۔

جمع اور واحد کے لحاظ سے ہر ایک کی دو دو حالتیں شمار کرنے سے کل چھ صیغے بنتے ہیں ، جو یہ ہیں :-

صیغہ					
واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
(مذکر) مصدر بوک (ہونا)					
مگو بلو وہ ہوا	بگیئرہ بلئرہ وہ ہوئے	بگا بلو تو ہوا	بگیئت بلیئت تم ہوئے	بگس بلس میں ہوا	بگیس بلیس ہم ہوئے
اسُو وہ تھا	اسُرہ وہ تھے	اسُوا تو تھا	اسُیت تم تھے	اسُس میں تھا	اسُیس ہم تھے
مؤنث مصدر "بوک" (ہونا)					
بگی بلی وہ ہوئی	بگیئرہ بلئرہ وہ ہوئیں	بگیئے بلئے تو ہوئی	بگیئت بلیئت تم ہوئیں	بگیس بلس میں ہوئی	بگیئس بلیئس ہم ہوئیں
اسُی وہ تھی	اسُرہ وہ تھیں	اسُے تو تھی	اسُیت تم تھیں	اسُس میں تھی	اسُیس ہم تھیں

شِنا میں ضمیر منفصل مستعمل ہے۔ ضمیر متصل کی کوئی مثال شِنا میں نہیں ملتی۔ ضمیر منفصل اسم اور فعل سے الگ لکھی جاتی ہے۔

صیغہ	ضمیر منفصل	مثال
واحد غائب	رو، ریسیی وہ، اس کا	رو ریسیی گوٹ ٹیٹ گتو وہ اس کے گھر گیا
جمع غائب	ری، رینو، رنیم وہ، ان کا، کے، کی	ری وتے۔ رنو کتابے وہ آئے۔ اُن کی کتابیں
واحد حاضر	تو، تھئی تو، تیرا، تمہارا	تو وہ تھئی ژا تو آ تمہارا بھائی
جمع حاضر	تھو۔ تھئی آپ، آپکا	تھو ویتیت۔ تھئی نوم آپ آئے۔ آپ کا نام
واحد متکلم	مہ۔ مئی میں۔ میرا	مہ وتس مئی تھگو میں آیا میرا باغ
جمع متکلم	بے۔ اسئی ہم ہمارا	بے وتیس اسئی کتابے ہم آئے ہماری کتابیں

مثالیں

رَوْ سْکُولَیٹ گئو وہ سکول گیا	رَئیسیٔ سُکول کچّیٔ ہین اس کا سکول قریب ہے
رِیٔ ترار نے یاتہ وہ بھائی چلے	رِنو ترا بازاریٹ گئو اُن کا بھائی بازار کو گیا
تُو اَہِن بَہِیٔ تو یہاں بیٹھ	تھُمیٔ سانتیئے جان ؟ تمہارے ساتھی کہاں ہیں ؟
تھُمو چھوت نے با آپ دیر سے نہ آئیں	تھُمیٔ جنک کوم ہن ؟ آپ کا کیا کام ہے ؟
مَہ اَنے دِشتیر بیٹس میں اس جگہ بیٹھا	مِیٔ باپو دفتریٹ گوں میرا باپ دفتر گیا ہے

بے ئے تو نو اُچھنتیس	ہم جلدی پہنچ گئے
اَسی کوم پھش بو	ہمارا کام ختم ہوا
تھسی دارئے کوئی ہن ؟	آپ کے بیٹے کہاں ہیں ؟
رِنو کتابی بستار ہن	ان کی کتابیں بستے میں ہیں
اَسی گئی سواری ہین	ہماری زمین زرخیز ہے
مِیٔ تھگیر پھنر نے ہن	میرے باغ میں پھول ہیں
تھسی دِیٔ پیچ کچاک ہن ؟	تمہارے بچے کتنے ہیں ؟
رئیسی چھیچ نیلو ہن	اس کا کھیت ہرا ہے
مَہ گہ تُو گہ رَوْ سوہے ہنس	میں اور تو اور وہ دوست ہیں
بے بتے مسلمانیٔ ہنس	ہم سب مسلمان ہیں
بے گہ تھو گہ رِیٔ مسلمانیٔ ہنس	ہم اور آپ اور وہ سب مسلمان ہیں
رَو گہ رئیسیٔ گین وتہ	وہ اور اس کی بیوی آئے

ضمیر کی حالتیں

ضمیر کی تین حالتیں ہیں فاعلی، مفعولی اور اضافی

صیغہ حالتِ فاعلی

متکلم واحد	متکلم جمع	مخاطب واحد	مخاطب جمع	غائب واحد	غائب جمع
مَس	بَشِس	تُس	تھُوس	رُوس	رِس
میں نے	ہم نے	تو نے	تم نے	اس نے	انہوں نے

حالتِ مفعولی

متکلم واحد	متکلم جمع	مخاطب واحد	مخاطب جمع	غائب واحد	غائب جمع
مَٹ	اَسُوٹ	تُٹ	تھَموٹ	رَئیدیٹ	رِنوٹ
مجھے	ہمیں	تجھے	تمہیں	اُسے	اُنہیں

حالتِ اضافی

متکلم واحد	متکلم جمع	مخاطب واحد	مخاطب جمع	غائب واحد	غائب جمع
مَئے	اَسَئے	تَھئے	تھَھئے	رِمیئے اَئیسئے	رِنُو اَئینو
میرا	ہمارا	تیرا	تمہارا	اس کا	ان کا

ظرفی

متکلم واحد	متکلم جمع	مخاطب واحد	مخاطب جمع	غائب واحد	غائب جمع
مَج	اَسوَنج	تُج	تھَونج	رَئیمیج اَئیمیج	رِنونج اَئینونج
مجھ پر	ہم پر	تجھ پر	تم پر	اُس پر	اُن پر

مثالیں

مَس تُٹ دَئیگس میں نے تجھے کہا	تُس مَٹ رَئیگا تو نے مجھے کہا
بَشِس تھَموٹ رَئیگئیس ہم نے تمہیں کہا	تھُوس اَسوٹ رَئیگئیت تم نے ہمیں کہا
تُس رَئیسیٹ رَئیگا تو نے اُسے کہا	رُوس رِنوٹ رَئیگو اس نے انہیں کہا
مَج بَار ہَن مجھ پر بوجھ ہے	اَسوج ہِن دِتو ہم پر برف پڑی
تُج بَیجک ہَن تجھ پر اعتبار ہے	تھَوج بَرِی ہَن تم پر بوجھ ہیں
رَئیسیج بَیجک اَئیٹہ اُس پر اعتبار کر	

ماضی مطلق

وہ فعل جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے ماضی مطلق کہلاتا ہے۔

بنانے کا قاعدہ صفحہ ۱۵ پر دیکھیے۔

ماضی مطلق مثبت کی گردان

مصدر "وَیوءک" آنا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
وَتَو	وَتے	وَتو	وَتیت	وَتُس	وَتیس
آتو	آتے	آتو	آتیت	آتُس	آتیس
وہ آیا	وہ آئے	تو آیا	تم آئے	میں آیا	ہم آئے

مصدر "ہجوءک" جانا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گئو	گئے	گا	گئیت	گاس	گئیس
وہ گیا	وہ گئے	تو گیا	تم گئے	میں گیا	ہم گئے

مصدر "روءک" رونا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
روئو	روئے	روئو	روئیت	روئس	روئیس
وہ رویا	وہ روئے	تو رویا	تم روئے	میں رویا	ہم روئے

ماضی مطلق منفی بنانے کے لئے ضمیر اور فعل کے درمیان "نے" لگادیا جاتا ہے۔ جیسے: روس نے رنگو — اس نے نہیں کہا

تھوس نے تھینگیت	رس نے دینگیئہ
آپ/تم نے نہیں کیا	انہوں نے نہیں دیا
روس نے آتوہ	بنیس نے لیگیئس
وہ نہیں آیا	ہم نے نہیں پایا
تس کوم نے تھیگا	مس نے کھینگس
تو نے کام نہیں کیا	میں نے نہیں کھایا

"نئے" یا "نے" کے معنی نہیں کے ہیں جبکہ "نے" معنی پھر اور "نے" یہ کے معنی دیتی ہے۔ مثلاً:-

روس مٹ نے نے وہ نے تھیگو	نے نے نے تھے
اس نے مجھے پھر نہ آنا نہیں کہا۔	یہ پھر نہیں کرنا

ماضی مطلق کی مزید مثالیں

اَحمد سے پھلاٗ وَلیگو احمد سیب لایا	بُوٗشِس دُت پیگیٖ بلّی نے دودھ پیا
رُوس بَبے گوٗ ٹیٹ چھنیگو اس نے برتن (سامان) گھر بھیجے	مہ اسلام آبادٔ جوٗ اُچھتس میں اسلام آباد سے پہنچا
تھوٗ بَلہ سکوٗلیٹ نٔے گیٗت تم کل سکول نہیں گئے	مَس ٹمٹمہ گاچ دِیگس میں نے موٹر سائیکل بیچ دی
تُس شِدُلوٗ وَئی پیگا تو نے ٹھنڈا پانی پیا	بَئیس مَرُوچ کھیٗگیس ہم نے توت کھائے
ڈاک وُلس ڈاک نٔے وَلیگو ڈاکیہ ڈاک نہیں لایا	رَوٗ مَئی گوٗٹیٹ وَتو وہ میرے گھر آیا

مشق

وہ راولپنڈی گیا، آپ نے کہا، آپ نے کتاب خریدی

میں کرسی پر بیٹھا، ہم ہنزہ گئے، وہ دیر سے آیا

بھائی نے بھائی کو دیکھا، میں دوستوں سے مِلا، درزی نے کپڑا سیا

اس نے ہمیں یاد کیا، میں نے سائیکل خریدی، اس نے نہیں دیکھا

تو کہاں بیٹھا؟ انہوں نے ہمیں بلایا، وہ قطار میں کھڑے ہوئے

میں نے گھر کا کام کیا، اُس نے آپ کا نام پوچھا، ماں نے بچے کو نہلایا

۱۔ چھوت ۲۔ ڈوک بوٗرک ۳۔ پاچو ۴۔ سِنگو

۵۔ بیٹیچ ۶۔ ہوٗ تھوٗرک ۷۔ ترَین ۸۔ ٹھکُتھِیوٗرک

۹۔ گوٗٹی گوٗم ۱۰۔ کھوٗ جیگو ۱۱۔ شُدار ۱۲۔ تم دَرَوٗرک

اردو میں ترجمہ کریں:۔ مہ گلِتَیٹ گاٗس، رَوٗ بَئیٹو

رَٔی گوٗٹیٹ گِئے۔ رَیسیچ بَچِک وَتی۔ رُوس پھلاٗنٔے پھیگو

ماضیٔ قریب

وہ فعل جو یہ ظاہر کرے کہ کام کو کئے ہوئے تھوڑا وقت گزرا ہے

ماضیٔ قریب کہلاتا ہے۔ جیسے: " رؤس رَیگُن " اس نے کہا ہے

بنانے کا طریقہ صفحہ ۱۱۸ پر دیکھیں۔

ماضیٔ قریب مثبت کی گردان

مصدر " رَیوءِک " کہنا (مذکر)

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
رَیگُن	رَیگَین	رَیگنو	رَیگنیت	رَیگنس	رَیگینیس
اس نے کہا ہے	انہوں نے کہا ہے	تو نے کہا ہے	تم نے کہا ہے	میں نے کہا ہے	ہم نے کہا ہے

مؤنث

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
رَیگِن	رَیگَین	رَیگِمی	رَیگِنیت	رَیگِنس	رَیگینیس
اس نے کہا ہے	انہوں نے کہا ہے	تو نے کہا ہے	تم نے کہا ہے	میں نے کہا ہے	ہم نے کہا ہے

مصدر " دَوءِک " دینا (مذکر)

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
دَیگُن	دَیگَین	دَیگنو	دَیگِنیت	دَیگنس	دَیگینیس
اس نے دیا ہے	انہوں نے دیا ہے	تو نے دیا ہے	تم نے دیا ہے	میں نے دیا ہے	ہم نے دیا ہے

ماضیٔ قریب منفی بنانے کے لئے ضمیر یا فاعل اور فعل کے درمیان " نَے "

لگا دیا جاتا ہے۔ مثلاً رِس نَے دُجیگَین انہوں نے نہیں دھویا

مثالیں

نش اُنو کوم تھیگنو	رؤس مٹ رَیگُن
تو نے یہ کام کیا ہے	اس نے مجھے بتایا ہے
مس تھئی نوم کھوجیگنس	تھوس ویئی پیگنیت
میں نے آپ کا نام پوچھا ہے	آپ نے پانی پی لیا ہے
رِس ٹکی کھیاگَین	دَرزِس چھیلے نَے سیگُن
انہوں نے کھانا کھایا ہے	درزی نے کپڑے نہیں سیئے۔
رؤسیلیٹ نَے نکھتُن	تسُ وام تھیگنو
وہ سیر کو نہیں نکلا	تو نے آنے کا کہا ہے

مشق

تو نے یہ خط[1] لکھا ہے ، میں نے کتابیں لی ہیں ، آپ نے اپنا نام بتایا ہے

اس نے کہانی سنائی[2] ہے ، تم نے کام نہیں کیا ہے ، بچے سو گئے ہیں

انہوں نے فٹ[3] بال کھیلا ہے میں نے روزہ[4] رکھا ہے ، وہ آ[5] گیا ہے

وہ باغ کی سیر کرنے گیا ہے ، ہم گھوڑوں پر سوار[6] ہوئے ہیں

گائے نے دودھ نہیں دیا ہے ، کھیت میں بیج بوئے[7] گئے ہیں

انہوں نے گیت[8] گائے ہیں پھولوں کی[9] کیاری کھلی[10] ہے

اُس نے سبق پڑھا ہے ، میں نے جھوٹ[11] نہیں کہا ہے ، تو نے شہد[12] دیکھا ہے

۱۔ نَحت یا کاگَس ۲۔ شِلوُکَے دَوَءِک ۳۔ بَمغوُا دَوَءِک

۴۔ رُزَہ گِنوَءِک ۵۔ آاُن ۶۔ پِنوَءِک

۷۔ بِیٰ وِیوَءِک یا جَلوَءِک ۸۔ گَائِیے دَوَءِک ۹۔ شَنِیٰ

۱۰۔ پھُنوَءِک ۱۱۔ کَھلتےَ ۱۲۔ پَشوَءِک

ماضیٔ بعید

ماضی بعید وہ فعل ہے جس سے ظاہر ہو کہ کسی کام کو ہوئے بہت وقت گزرا ہے

مثلاً ۱۔ رَوس رَیگُس اُس نے کہا تھا

(بنانے کا قاعدہ صفحہ ۱۲۰ پر)

ماضیٔ بعید مثبت کی گردان

مصدر " رَیوَءِک " کہنا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ریگکس	رَیگَیئس	رَیگَسوُ	رَیگَیئسیت	رَیگَسُ	رَیگَیئسیس
اس نے کہا تھا	انہوں نے کہا تھا	تو نے کہا تھا	تم نے کہا تھا	میں نے کہا تھا	ہم نے کہا تھا

ماضی بعید منفی بنانے کے لئے فاعل اور فعل کے درمیان " نَے " لگا دیا جاتا ہے۔ جیسے : مَس خَت نَے یکھیگَسُ میں نے خط نہیں لکھا تھا

گَس دَیمِ بوُدَوُ نَے ہَریگَسوُ رَوس مَٹ ہَوَ تھَیگُس

تو پانی زیادہ نہیں لے گیا تھا اس نے مجھے بلایا تھا

ماضی بعید کی مثالیں

بِس تَرَچ کھیاگیس اُنھوں نے انگور کھائے تھے	اَوَ گوٹ کیسے اسُو؟ وہ گھر کس کا تھا ؟
اَش جہاز آلِش آج جہاز آیا تھا	رَوس تو ذمیگس اس نے تجھے مارا تھا
مہ سکولیٹ نے گاسس میں سکول نہیں گیا تھا	بَبیس بمفوا دیگیس ہم نے فٹ بال کھیلا تھا
تھموس کتابی بَر یگیسیت آپ اتم کتابیں لے گئے تھے	مس ہر چھک ستنار امسس میں ہر روز ستنا پڑھتا تھا
شدار نھٹوجر دِتس بچہ کھیلتے ہوئے گرا تھا	رِس مِستِی لکھیگیس انہوں نے اچھا لکھا تھا

ان جلک سے کھلاتے نے یگیس ان لوگوں نے جھوٹ نہیں کہا تھا	سکولیر استاد کرسیپیچ بیٹس سکول میں استاد کرسی پر بیٹھا تھا
محمد علی جناس پاکستان سنیگس محمد علی جناح نے پاکستان بنایا تھا	اِقبال سے پاکستانے سانچے پیشگس اقبال نے پاکستان کا خواب دیکھا تھا
تھموس توم سومی بوخیٹ گیسیت آپ اپنے دوست کے استقبال کو گئے تھے	مس ہیو انیجہ سیگس میں نے نشانہ پر لگایا تھا
لماایس چھیلے سیگیس لڑکیوں نے کپڑے سیئے تھے	بلبس ہائیے تھیگیس لڑکوں نے کھیلا تھا
رِق چل اکی اُجھتیس وہ جلد ہی پہنچے تھے	دلبجار چھمے بودیے وتیس کوہل میں مچھلیاں زیادہ آئی تھیں
لکہ ہوینیر ڈوک بِگسو لو راستے میں ملا تھا	رِس چلبوج چر پیگیس انہوں نے صبح چائے پی تھی

مشق

ہم سب نے انگور کھائے تھے ،   انہوں نے کتا پالا تھا

میں نے دو آدمی بھیجے تھے   اس نے گرم چائے پی تھی

ماں نے روٹی پکائی تھی   امجد نے کتاب خریدی تھی

کل جہاز نہیں آیا تھا   اکبر تیز دوڑا تھا

آج مدرسہ بند نہ تھا   آپ نے کپڑے دھوئے تھے

بچہ جلدی سویا تھا   میں صبح اُن کے گھر گیا تھا

گندم کاٹی گئی تھی   تم نے یہ کام سیکھا تھا

اس نے دو پیالہ چائے پی تھی   ہم پہلے بھی یہاں چلے تھے

۱۔ بیُطہ ۔ شوؔل اُنیگُس ۲۔ تاَ ٹِی ۳۔ ٹِکِی تھَیگِش

۴۔ بَلَہ ۵۔ ٹوُ گوُ چوٹیلُس ۶۔ دُجیَگِسِیت ۷۔ یَیچ تھوک۔ لوُکی

۸۔ سیِجیلُسوُ ۹۔ چِینِع ۱۰۔ یَز گہ ۱۱۔ آہِن

ماضیٔ استمراری

ماضیٔ استمراری وہ ماضی ہے جس میں گذشتہ وقت میں کام کا جاری رہنا پایا جائے۔ جیسے : اِرؔ بُجَنِس وہ جاتا تھا / جا رہا تھا

(ہائے کا قاعدہ صفحہ ۱۲۳ پر)

ماضیٔ استمراری مثبت کی گردان

مصدر "بُجوُک" جانا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
بُجَنِس	بُجَنیَس	بُجَسَو	بُجَسِیت	بُجَمُس	بُجوَ نیَسِیس
وہ جاتا تھا	وہ جاتے تھے	تو جاتا تھا	تم جاتے تھے	میں جاتا تھا	ہم جاتے تھے

ماضیٔ استمراری منفی بنانے کے لئے فاعل اور فعل کے درمیان "نے" لگا دیتے ہیں۔ جیسے : توُ نے بُجَسَو تو نہیں جاتا تھا

بے نے بُوَنیَسِیس ہم نہیں جاتے تھے   رِی نے بُجَنیَس وہ نہیں جاتے تھے۔

مثالیں

تھوْ بَلَہْ جا بُجَسیْت آپ کل کہاں جاتے / جا رہے تھے	مَہ رِنُو مُوْرِیئےْ پرۂ جُمُسُس میں ان کی باتیں سنتا / سن رہا تھا
اَسلُم سےٗ گَائیےْ دَیِس اسلم گانے گاتا تھا	تُس مئےْ کام ہَن تھَیسوْ تو میرے رشتہ دار ہیں" کہتا تھا
اَوٗ بُنیرہْ ہِن وَاس اس جنگل میں برف پڑتی تھی	تَاتیٗ دَینِیْ پھسٗ بَیَنَیس گرمی کے دن ختم ہو رہے / ہوتے تھے
مَاٹَس شُدَار چُشَرِیَیش ماں بچے کو دودھ پلا رہی تھی	رِس تُوْ سَلیاٗ رَنَیس وہ تمہیں آزماتے تھے
تھوْس جَنَک تھَاسَدیْت ؟	آپ کیا کرتے / کر رہے تھے ؟
مَہ گُچوْ نےٗ بَیَمُسُس میں یونہی (بیکار) نہیں بیٹھتا تھا	اَیک جَرُوْ مُشاک وَاس ایک بوڑھا مرد آ رہا تھا / آتا تھا

اَیک مِھیَیرک وَاس۔ رُوْس کُنائیٗ تھَےٗ یَاٗئیَس۔ جک سےٗ

ایک معمر شخص آتا تھا۔ وہ لاٹھی ٹیکتے چل رہا تھا / چلتا تھا۔ لوگ

رَنَیسَیٹ پوْن نَےٗ دَینَیس۔ رُوْس بُٹُوْٹ چکَیس ۔

اُسے راستہ نہیں دیتے تھے۔ وہ سب کو دیکھتا تھا

بَیَیس جَرُو چکَیَنَیس۔ نَےٗ گَر رَنَیسَیٹ پوْن نَےٗ دَینَیس

سب بوڑھے کو دیکھتے تھے۔ پھر بھی اس کو راستہ نہیں دیتے تھے

مشق

آپ کل کیا کرتے تھے ؟ کل بارش نہیں ہو رہی تھی۔ ہم وہاں روز جاتے تھے

ایک دوسرے سے بات چیت کرتے تھے۔ اس سڑک پر بس چلتی تھی۔ چابی سے تالا

نہیں کھلتا تھا۔ چرواہا بکریاں چراتا تھا۔ آسمان پر بادل چھا رہے تھے۔

۱۔ اَیک مُتوْ سَاٹَت ۲۔ مُوْرکل ٹکُلی ۳۔ یَاٹیش ۴۔ چھَیئیْ

۵۔ کُلیپ ۶۔ وِیَاجَیس ۷۔ پیَاٹلوْ ۸۔ چرَیس ۹۔ اٹرسےٗ جل بَیَنَیس

ماضیٔ شکیہ

ماضی کا وہ فعل جس میں کسی کام کے ہونے کا شک ہو ماضیٔ شکیہ یا احتمالی

کہلاتا ہے ۔ مثلاً : تُس اَنُوہ مُوڑ رَیَئ بَیئےہ تونے یہ بات کہی ہوگی

(بنانے کا قاعدہ صفحہ ۱۲۳ پر)

ماضیٔ شکیہ کی گردان (مثبت معروف)

مصدر "دُوک" دینا

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
دَئے بَیئی	دَئے بَیئن	دَئے بَیئےہ	دَئے بَیئت	دَئے بَیئم	دَئے بَیئوں
اس نے دیا ہوگا	انہوں نے دیا ہوگا	تونے دیا ہوگا	تم نے دیا ہوگا	میں نے دیا ہوگا	ہم نے دیا ہوگا

ماضیٔ شکیہ منفی بنانے کے لئے فاعل اور فعل کے درمیان "نے" لگا

دیا جاتا ہے ۔ جیسے :- رُوس تُٹ ہَو نے تھے بَیئی

اس نے تجھے نہیں بلایا ہوگا ۔

تُو لاہور رٹ نے گئے بَیئے	مس تُٹ نے رَیئ بَیئم
تو لاہور نہیں گیا ہوگا	میں نے تمہیں نہیں کہا ہوگا

رُو گوٹیر اُچھیچی بَیئی	برِنس تھر دے بَیئن
وہ گھر میں پہنچا ہوگا ۔	پرندے اڑے ہوں گے
رِی بازاریٹ گئے بَیئن	بے اُمشی بَیئوں
وہ بازار (کو) گئے ہوں گے	ہم بھول گئے ہوں گے
تھسویر گہ ڈوک بے بَیئت	تُس شونچو رَیئ بَیئےہ
آپ پہلے بھی ملے ہوں گے	تونے سچ کہا ہوگا
رُو شُو مِجی بَیئی	مہ تُٹ ہیچی وَئی بَیئم
وہ تھک گیا ہوگا	میں تمہیں یاد آیا ہوں گا
رِی گٹِی بے گئے بَیئن	اکبر سے تِوام گوم کے بَیئی
وہ اکھٹے ہو کر گئے ہوں گے	اکبر نے اپنی گندم کاٹی ہوگی
رُو شُو نیج تَرجی بَیئے	سُوری بُور نے بے بَیئی
وہ پل پر سے گزرا ہوگا	سورج غروب نہیں ہوا ہوگا

مشق

بکری نے بھیڑیئے کو دیکھا ہوگا۔	آپ نے انہیں بلایا ہوگا۔
میرا بھائی بازار سے آیا ہوگا	آپ کہاں سے آئے ہونگے؟
یہ خط تونے لکھا ہوگا	بچے کو ماں نے دودھ پلایا ہوگا
وہ سبزے پر بیٹھا ہوگا	اُس نے تجھے گھر پر نہ پایا ہوگا
ہم نے پھل کھائے ہوں گے	بس نکل چکی ہوگی
بارش ہوئی ہوگی	اس نے مکان تعمیر کیا ہوگا
آپ نے خبریں سُنی ہوں گی	میں آپ کا نام بھول گیا ہوں گا
اکرم گاؤں میں پہنچا ہوگا	اب تک وہ سوئے ہوں گے
